سوال

(36)اونٹ کے گوشت سے وضو کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، قرآن وحدیث کے مطابق جواب دیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، اس کے بعد حقیقی وضو کرنا ہوگا۔ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک آدمی نے سوال کیا، آیا میں اونٹ کے گوشت سے وضو کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں اونٹ کے گوشت سے وضو کرو۔[1]اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا چاہیے، وہ گوشت جسم کے کسی حصے یا عضو کا ہو، ناقض وضو ہے، اس کے علاوہ کسی بھی حلال جانور کا گوشت ناقض وضو نہیں۔ (واللہ اعلم)

---

[1]۔ صحیح مسلم، الحیض: 360۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:3، صفحہ نمبر:62

محدث فتویٰ